اُردُو

آپ کی اجرت

ہم آپ کو جو معلومات دیتے ہیں، ہم ان کے سلسلے میں احتیاط برتتے ہیں لیکن ہم ان معلومات کے درست، قابل اعتبار، حالیہ یا مکمل ہونے کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ یہاں دی گئی معلومات خلاصے کی شکل میں ہیں اور یہ محض عمومی معلومات ہیں، نہ کہ قانونی مشورہ۔ یہ آپ کی ذاتی صورتحال پر منحصر ہو گا کہ ان معلومات کا اطلاق آپ پر کیسے ہوتا ہے۔ اپنی صورتحال کے مطابق خاص مشورہ لینے کے لیے، اور ان معلومات کی بنیاد پر کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے، آپ کو اپنی یونین، وکیل یا کسی اور پیشہ ور صلاح کار سے بات کرنی چاہیے۔ اگر آپ یہ مفت اور رازدارانہ مدد لینا چاہیں کہ تازہ معلومات اور خاص اپنے حالات میں مشورہ لینے کے لیے آپ کو کس سے بات کرنی چاہیے تو ہم سے رابطہ کریں۔

MIGRANT WORKERS CENTRE

migrantworkers.org.au
mwc@migrantworkers.org.au
03 7009 6710

/mwcvic
@mwcvic
@mwcvic

MIGRANT WORKERS CENTRE

migrantworkers.org.au

پینلٹی ریٹس

اگر آپ ویک اینڈ یا عوامی تعطیل پر کام کریں یا اوور ٹائم، صبح سویرے کی شفٹ یا رات کی شفٹ میں کام کریں تو آپ کو زیادہ شرح پر اجرت یا تنخواہ کے ساتھ اضافی رخصت لینے کا حق ہو سکتا ہے۔

WorkCover (ورکرز کی انشورنس)

اگر آپ کو کام کی وجہ سے حادثہ، تکلیف یا بیماری پیش آئے تو آپ کو تنخواہ کے ساتھ رخصت لینے یا طبی اخراجات کی ادائیگی کا حق ہو سکتا ہے۔

تنخواہ کی سلپس

جب آپ کو اجرت (نقد، چیک یا بینک ٹرانسفر سے) ملے تو آپ کو اجرت ملنے کے بعد 1 کاروباری دن کے اندر اندر تنخواہ کی سلپ ملنا ضروری ہے۔ آئندہ حوالے کے لیے تنخواہ کی سلپس سنبھال کر رکھیں۔

تنخواہ کی سلپ سے یہ پتہ چلنا چاہیے:
- آپ کو کام کے ذریعے کتنی آمدنی ہوئی ہے
لوڈنگز، پینلٹی ریٹس اور وہ دوسرے استحقاقات جو
- آپ کو ادا کیے گئے ہیں
- آیا آپ کی تنخواہ سے کوئی رقوم کاٹی گئی ہیں

*کچھ ملازمین کو کچھ محدود حالات میں اس سے کم اجرت مل سکتی ہے جیسے 21 سال سے کم عمر کے کچھ ملازمین اور کچھ اپرنٹس یا ٹرینی ملازمین (زیر تربیت ملازمین)۔ مزید معلومات کے لیے فیئر ورک اومبڈزمین سے رابطہ کریں

کم از کم اجرت

آپ کو ایک کم از کم شرح پر اجرت ملنا ضروری ہے۔

ٹیکس سے پہلے کم از کم اجرت* یہ ہے:
- فی گھنٹا $24.95، یا
- 38 گھنٹوں کے ہفتے کے لیے $948.00
(2025-2026)

لیکن زیادہ تر ملازمین اپنے ایوارڈ، انٹرپرائز ایگریمنٹ یا ایمپلائمنٹ کانٹریکٹ کے تحت اس سے زیادہ کم از کم اجرت کا حق رکھتے ہیں۔

آپ کو ٹریننگ، ٹیم میٹنگز، آزمائشی شفٹ اور کاروبار کا مقام کھولنے اور بند کرنے میں لگنے والے وقت کا معاوضہ ملنا بھی ضروری ہے۔ آپ کی اجرت کی جگہ آپ کو رہائش یا خوراک نہیں دی جا سکتی۔ آپ کو واقعتاً پیسے ملنا ضروری ہے۔

ایوارڈ کے تحت اجرت

'ایوارڈز' سے مراد ایک مخصوص انڈسٹری (شعبے) یا پیشے کے لیے اطلاق رکھنے والی کم از کم اجرت کی شرحیں اور حالات ہیں۔ ایوارڈز کا تعیّن فیئر ورک کمیشن کرتا ہے اور انہیں قانون کے تحت عدالت میں نافذ کیا جا سکتا ہے۔ آسٹریلیا میں ہر 5 ملازمین میں سے تقریباً 1 کو ایوارڈ حاصل ہے۔

کیژوئل لوڈنگ

اگر آپ کیژوئل (حسب ضرورت، غیر مستقل کام کرنے والے) ملازم ہیں تو آپ کو 'کیژوئل لوڈنگ' کی صورت میں اضافی معاوضہ (بالعموم 25٪) لینے کا حق بھی ہو سکتا ہے تاکہ تنخواہ کے ساتھ رخصت جیسے فوائد نہ ملنے کی تلافی ہو سکے۔